البقرة : 242

كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ

(اللہ اسی طرح تمہارے لیے اپنی آیتیں بیان فرماتا ہے تاکہ تم سمجھو۔)

اللہ نے نکاح، طلاق، عدت اور رضاعت وغیرہ خاندانی زندگی کے متعلق احکام دینے کے بعد فرمایا کہ یہ سارے احکام وضاحت سے بیان کر دیئے گئے ہیں اسلیے انہیں اچھی طرح سمجھ کر ان پر عمل کیا کرو۔ اپنی طرف سے کوئی اور قانون نہ بناؤ۔ اللہ نے ایک ایک بات کھول کھول کر بیان کر دیا ہے۔

سارے احکامات واضح بیان کئے گئے تاکہ تم عقل سے کام لو۔ عقلمند بنو۔ عقلمند بننے کے لیے آیات کا علم ضروری ہے۔

ہمارے دین کے جتنے احکام ہے وہ دوسروں کے بنسبت سب سے بہتر ہے۔ اللہ نے ہمیں ان مسائلوں کے حل بتا کر بڑی مشکلات سے نکالا۔ اسلام نے عورتوں اور دوسرے کمزوروں کے بھی حقوق کی حفاظت کی ہے۔ آج لوگ کہتے ہیں کہ اسلام میں عورتوں کے کوئی حقوق نہیں ہیں۔ پچھلی کئی آیاتیں صرف عورتوں کے حقوق کے ہی بارے میں تھی۔ کوئی بھی عقل والا اسطرح کی بات کر ہی نہیں سکتا کہ اسلام میں عورتوں کے کوئی حقوق نہیں ہیں۔ بلکہ جتنے عورتوں کے حقوق کے بارے میں اسلام نے بات کی اُتنی کسی نے بھی نہیں کی۔

بہرحال نکاح، طلاق وغیرہ کا مضمون اس سورت میں یہاں ختم ہو گیا ہے۔